## صوفی بزرگ شاعر حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کا پیغام امن، محبت اوراحترام انسانیت ہے۔الطاف حسین

## شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کا پیغام امن ومحبت صرف سندھ دھرتی ہی نہیں بلکہ دنیا بھر کے انسان دوست اورامن پسند لوگوں کیلئے مشعل راہ ہے۔

## حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے 267ویں سالانہ عرس کے موقع پر خصوصی بیان

لندن۔۔۔18،جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ سندھ دھرتی کے صوفی بزرگ شاعر حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کا پیغام امن، محبت اوراحترام انسانیت ہے اوراسی پیغام کی بدولت سندھ ہمیشہ امن کی دھرتی رہی ہے ۔حضرت شاہ عبدللطیف بھٹائیؒ 267ویں سالانہ عرس کے موقع پر اپنے پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ شاہ عبد اللطیف بھٹائیؒ کی شاعری اورتعلیمات میں دیا گیا پیغام امن ومحبت صرف سندھ دھرتی اور پاکستان کے عوام کیلئے ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کے انسان دوست اورامن پسند لوگوں کیلئے مشعل راہ ہے ۔انہوں نے کہا کہ صدیوں پہلے سندھ کی دھرتی پرآ کر شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ نے لوگوں کواسلام کی تعلیمات سے روشناس کرایا اورلوگوں کوایک دوسرے سے نفرت کے بجائے ایک دوسرے سے محبت، پیاراوراحترام انسانیت سمیت امن وبھائی چارے کا درس دیا۔ان کے نزدیک زبان، رنگ، نسل، عقیدا اور مذہب کی کوئی تفریق نہیں تھی اوران کے عقیدت مندوں میں تمام قومیتوں، تمام مسالک اور تمام مذاہب کے ماننے والے شامل ہیں ۔ جناب الطاف حسین کہا کہ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے پیغام امن ومحبت کوفروغ دیا جائے ، اسے عملی طور پر اپنایا جائے ، ذات پات، رنگ، نسل، زبان، نسل، قومیت، مسلک، عقیدہ اور مذاہب کی تفریق ختم کر کے احترام انسانیت کی بات کی جائے ، خواتین کے حقوق کا مکمل احترام کیا جائے اورانتہاء پسندی سے نجات کیلئے حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کی تعلیمات پر عمل کیا جائے ۔

## سابق حق پرست نائب ناظم نارتھ ناظم آباد احسان اللہ کی والدہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔18،جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سابق حق پرست نائب ناظم نارتھ ناظم آباد احسان اللہ کی والدہ محترمہ کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ غم میں برابر کے شریک ہیں ۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برادشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔(آمین)

## سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر عاصم حسین کی اہلیہ ڈاکٹر زرین حسین کی علالت پر ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار تشویش

## ڈاکٹر زرین حسین لندن کے مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں اوران کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے

## کارکنان اورعوام ڈاکٹر زرین حسین کی صحتیابی کیلئے دعا کریں ۔الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔18 جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر عاصم حسین کی اہلیہ ڈاکٹر زرین حسین کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے ۔ڈاکٹر زرین حسین چند روز سے لندن کے مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں اوران کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے ۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر زرین حسین کو صحتِ کاملہ عطا کرے ۔انہوں نے کارکنان اورعوام سے بھی اپیل کی ہے کہ ہے وہ ڈاکٹر عاصم حسین کی اہلیہ ڈاکٹر زرین حسین کی صحتیابی کیلئے دعا کریں ۔

## فرحان آفندی کی چھوٹی بہن محترمہ ثمر آفندی کے انتقال پر جناب الطاف حسین افسوس کا اظہار افسوس
## فرحان آفرندی سے رابطہ کمیٹی اور شعبہ اطلاعات کا بھی اظہار تعزیت

لندن۔۔۔18جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اے آر وائی حیدرآباد کے بیور چیف فرحان آفندی کی چھوٹی بہن محترمہ ثمر آفندی کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور مرکزی شعبہ اطلاعات نے محترمہ ثمر آفندی مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی اور شعبہ اطلاعات نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے(آمین)

## پاکستان کی معاشی واقتصادی زبوں حالی کا واحد علاج فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ اور مڈل کلاس آرڈر ہے۔مصطفےٰ کمال
## مراعات یافتہ طبقہ نے عوام کی حالت بہتر بنانے کے بجائے اپنی دولت اور جائیدادیں بنانے پر توجہ دی
## ایم کیوایم کے نمائندوں نے عوام کی بلاامتیاز خدمت کی،انہوں نے شہروں کو جس طرح ترقی دی وہ سب کے سامنے ہے
## ایم کیوایم نے ملک کی سیاست میں جو انقلاب برپا کیا ہے اس کی وجہ سے آج وہ کراچی سے نکل کر سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخوا، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان تک پہنچ گئی ہے۔آکسفورڈ یونیورسٹی میں پاکستانی طلبہ یونین کے تحت لیکچر

لندن۔۔۔ 18 جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور سابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفےٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان کی معاشی واقتصادی زبوں حالی کا واحد علاج ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ اور مڈل کلاس آرڈر ہے۔انہوں نے یہ بات برطانیہ کی آکسفورڈ یونیورسٹی میں پاکستانی طلبہ کی یونین کے تحت منعقد ہونیوالے ایک لیکچر میں کہی۔یہ لیکچر تین گھنٹے تک جاری رہا اور اس لیکچر میں پاکستانی طلبہ وطالبات کے ساتھ ساتھ غیرملکی طلبہ اور برٹش کونسلرز شریک تھے۔اپنے اس لیکچر میں مصطفےٰ کمال نے پاکستان کے موجودہ سیاسی نظام پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں گزشتہ 63 برسوں سے جمہوریت کے نام پر مراعات یافتہ طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد ہی ایوانوں میں پہنچتے رہے ہیں جنہوں نے عوام کی حالت بہتر بنانے کے بجائے اپنی دولت اور جائیدادیں بنانے پر توجہ دی۔ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین ملک کے واحد سیاسی رہنما ہیں جو مڈل کلاس سے تعلق رکھتے ہیں،ایم کیوایم نے ملک میں جاری کرپٹ پولیٹیکل کلچر کے خلاف آواز ہی نہیں اٹھائی بلکہ ملک کے تمام ایوانوں میں غریب ومتوسط طبقہ کے افراد کو منتخب کرکے بھیجا۔ایم کیوایم کے نمائندو ں نے عوام کی بلاامتیاز خدمت کی،انہوں نے شہروں کو جس طرح ترقی دی وہ سب کے سامنے ہے۔مصطفےٰ کمال نے کہا کہ ایم کیوایم نے ملک کی سیاست میں جو انقلاب برپا کیا ہے اس کی وجہ سے آج ایم کیوایم کا پیغام کراچی سے نکل کر سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخوا، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان تک پہنچ گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان آج جس حال کو پہنچا ہے اور وہ جس معاشی بدحالی کا شکار ہے اس کا سبب جاگیردارانہ نظام اور کرپٹ پولیٹیکل کلچر ہے،پاکستان کی اس معاشی واقتصادی زبوں حالی کا واحد علاج ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ اور مڈل کلاس آرڈر ہے۔مصطفےٰ کمال نے پاکستان کے جغرافیائی سیاسی حالات، دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ اور شہری زندگی کی ترقی کے بارے میں بھی تفصیلی اظہار خیال کیا۔اس موقع پر حاظرین نے مصطفےٰ کمال سے پاکستان کے سیاسی حالات، ملک سے کرپشن کے خاتمہ، معاشی واقتصادی صورتحال اور پاکستان کو مسائل کی دلدل سے نکالنے کے حوالے سے مختلف سوالات بھی کئے جن کے سابق سٹی ناظم کراچی نے تسلی بخش جواب دیے۔

## پنجاب حکومت مظلوم عوام کے تحفظ کیلئے اقدامات کرنے میں بری طرح ناکام ہوچکی ہے، رابطہ کمیٹی

## غریب عوام، ہاریوں، خواتین اور کسانوں کو پنجاب میں روز قتل وغارتگری، زیادتی اور ناانصافی کا نشانہ بنایا جارہا ہے

پنجاب پولیس اسٹیٹ بن چکا ہے۔

کراچی۔۔۔18، جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پنجاب میں بڑھتے ہوئے جرائم، چوری، ڈکیتی، تشدد، قتل وغارتگری اور خواتین سمیت معصوم بچیوں سے زیادتی کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ پنجاب کے مظلوم عوام کے دعویدار بننے والے پہلے اپنے گریبان میں جھانکیں اور صوبہ پنجاب میں مظلوم عوام کو انصاف کی فراہمی یقینی بنائیں۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صوبہ پنجاب کے مظلوم عوام کو آئے روز قتل وغارتگری، زیادتی اور ناانصافی کا نشانہ بنایا جارہا ہے اور ان کا کوئی پرسانِ حال نہیں ہے جبکہ پنجاب حکومت مظلوم عوام کے تحفظ کیلئے اقدامات کرنے میں بری طرح ناکام ہوچکی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ آج بھی پنجاب خانیوال میں خاتون کو بدکاری کے الزام میں بیدردی سے قتل کردیا گیا، لاہور کی شمالی چھاؤنی کے علاقے میں مسلح افراد نے 2 افراد اور ٹی این ٹی کالونی میں ایک شخص کو لوٹنے کے بعد فائرنگ کرکے زخمی کردیا، شادمان ٹاؤن میں ڈاکوؤں نے ایک شخص سے موبائل فون اور رقم چھین کر گولی ماردی، گرین ٹاؤن کے علاقے میں فیکٹری ملازم کو موٹرسائیکل نہ روکنے پر ڈاکوؤں نے فائرنگ کرکے زخمی کردیا، میاں چنو میں ڈاکو پولیس چوکی سے اسلحہ لیکر فرار ہوگئے، قصور میں 14 ڈکیتی کی وارداتیں ہوئی، مزاحمت پر کانسٹیبل کو قتل کردیا گیا، سرائے مغل میں 3 بچوں کی ماں کو بیدردی سے قتل کرکے لاش کھیتوں میں دبادی گئی، شیخوپورہ میں اوباشوں کی جانب سے 7 سالہ طالبہ سے زیادتی کی گئی اور انصاف کی فراہمی کا یہ عالم ہے کہ زیادتی کا ملزم پولیس کا مہمان بنا ہوا ہے ، اسی طرح سیالکوٹ میں لکڑیاں چننے والی دو معصوم بچیوں کو اغواء کرلیا گیا جبکہ پنجاب حکومت سے انصاف نہ ملنے پر عوام کی مایوسی کا یہ عالم ہے کہ گزشتہ ایک ماہ کے دوران 139 افراد خودکشی کرچکے ہیں اور مجموعی طور پر پنجاب میں خودکشی کے 242 واقعات رونما ہوئے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پنجاب میں بڑھتے ہوئے جرائم، سماج دشمن کارروائیاں اور مظالم روکنے کیلئے حکومت پنجاب کیا اقدامات کررہی ہے؟ جہاں غریب عوام، کسانوں پر عرصہ حیات تنگ کیا جارہا ہے جبکہ پنجاب حکومت تماشائی بنی ہوئی ہے جس کے باعث غریب عوام کی کوئی سنوائی نہیں ہورہی ہے، لوگ محرومیوں کا شکار ہوگئے ہیں اور صوبہ پنجاب حکومت کی سرپرستی میں مکمل طور پر پولیس اسٹیٹ بن چکا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صوبہ پنجاب کی صورتحال ایسی ہوچکی ہے کہ ظلم وناانصافی اور زیادتیوں کے واقعات کے باعث لوگوں میں شدید مایوسی اور بے چینی پائی جارہی ہے اور وہ اب پنجاب کے نام نہاد دعویداروں کے بجائے حق پرستی کی تحریک متحدہ قومی موومنٹ کی جانب دیکھ رہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یہی وجہ ہے کہ پنجاب کے کرتا دھرتا اپنے پنجاب کو ظلم، ناانصافی اور زیادتیوں اور سماج دشمن عناصر سے پاک کرنے کے بجائے دوسروں پر انگلیاں اٹھارہے ہیں اور اپنے گریبانوں میں جھانکنے کے بجائے حقائق کا رخ تبدیل کرنے کی ناکام کوشش کررہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے پنجاب بھر میں ظلم، زیادتی اور انصافی کا شکار ہونے والے غریب عوام سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور کہا کہ حق پرستی کی تحریک پنجاب میں پہنچ چکی ہے، پنجاب کے غریب ومتوسط طبقے اور پڑھے لکھے عوام میں حق پرستی کا فکر وفلسفہ فروغ پاچکا ہے، اب صوبہ پنجاب پر جاگیرداری اور وڈیرہ شاہی کے ذریعے راج کرنے والوں کے دن گنے جاچکے ہیں اور آئندہ انتخابات میں صوبہ پنجاب کے عوام انہیں مسترد کردیں گے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ صوبہ پنجاب میں ظلم، زیادتی اور انصافی کا شکار عوام کو انصاف کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں اور پنجاب حکومت کی ناقص کارکردگی اور پنجاب کو پولیس اسٹیٹ بنائے جانے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور صوبہ پنجاب کو سماج دشمن اور جرائم پیشہ عناصر سے پاک کیا جائے۔

## بلاتفریق رنگ ونسل اور مذہب، انسانیت کی خدمت ہی جناب الطاف حسین کی تعلیمات ہیں

## اور یہی ایم کیو ایم کا نصب العین بھی، ممبر رابطہ کمیٹی سیف یار خان

لاہور۔۔۔18، جنوری 2011ء

متحدہ سوشل فورم لاہور کا اجلاس لبرٹی میں منعقد ہوا، اجلاس میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن محمد عارف خان، لاہور زون کے انچارج سید شاہین انور گیلانی، انچارج سوشل فورم طاہرہ آصف، انچارج متحدہ لائرز فورم مبین الدین قاضی ایڈوکیٹ، انچارج لاہور ڈسٹرکٹ میاں طاہر محمود، اراکین زونل و ڈسٹرکٹ کمیٹی اور متحدہ سوشل فورم کے اراکین سمیت صحافیوں، وکلاء، ڈاکٹرز، انجینئرز، سوشل ورکرز، تاجر برادری اور خواتین کی کثیر تعداد میں شرکت کی۔ سیف یار خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلاتفریق رنگ ونسل اور مذہب، انسانیت کی خدمت ہی جناب الطاف حسین کی تعلیمات ہے اور یہی ایم کیو ایم کا نصب العین بھی ہے

۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں آنے والے غریب متوسط طبقے کے انقلاب کو اب کوئی وڈیرا یا جاگیر دار نہیں روک سکتا اور پنجاب کے عوام اگر اپنے مسائل کا حل چاہتے ہیں تو وڈیروں، چوہدریوں، جاگیرداروں کو چھوڑ کر اپنے درمیان سے غریب اور متوسط طبقے کی پڑھی لکھی قیادت کو نکالیں ۔ جب تک پاکستان خصوصاً پنجاب کے غریب، ہاری، کسان، مزدور اور مڈل کلاس سے تعلق رکھنے والے دیہی اور شہری عوام ایک پلیٹ فارم پر متحد ہو کر اپنے درمیان سے لوگوں کو ایوانوں میں نہیں بھیجتے اور انہی موروثی سیاستدانوں کو ووٹ دیکر اقتدار میں بھیجتے رہیں گے تو اسی طرح 2 فیصد استحصالی طبقہ 98 فیصد غریب عوام کے حقوق کو غصب کرتا رہے گا۔ موجودہ ملکی خصوصاً کراچی کی صورتحال پر بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کراچی میں منظّم سازش کے تحت ٹارگٹ کلنگ کی جارہی تا کہ ایم کیو ایم کو کمزور کیا جاسکے لیکن آج بھی پاکستان بھر میں حق پرست کارکنان کا یہ عزم ہے کہ عوام کے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور اتحاد کیلئے حق پرست شہداء نے جو قربانیاں دیں ہیں ہم ان قربانیوں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی شب و روز محنت کو رائیگاں نہیں جانے دینگے اور عوام کے اتحاد کیخلاف اور پاکستان کو کمزور کرنے کی اس گھناؤنی سازش کو کبھی بھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ ایم کیو ایم اپنے قائد جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفے پر عمل کرتے ہوئے پاکستان کی سلامتی و بقاء اور جمہوریت کے بہتر مستقبل کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کرتی رہے گی ۔ اجلاس میں شرکاء کے سوالات کے جواب دیتے ہوئے سیف یار خان نے کہا کہ انسانی تاریخ میں کئی امراء، سلاطین اور بادشاہوں نے اپنے اقتدار کو جائز قرار دینے اور اسے دوام بخشنے کیلئے مذہب کو بطور ڈھال استعمال کیا، ہمارے ملک میں بھی یہی ہوا اور گزشتہ کئی برسوں سے کچھ عناصر مذہب کو صرف اپنے مفادات کیلئے استعمال کر رہے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان کی وہ سیاسی جماعت ہے جو تمام مسالک اور تمام فقہوں کا نہ صرف دل سے احترام کرتی ہے بلکہ فرقہ وارانہ ہم آہنگی کیلئے گزشتہ 32 برسوں سے عملی جدوجہد بھی کر رہی ہے۔ انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے مذہبی رواداری، فرقہ وارانہ ہم آہنگی، امن وسلامتی اور اتحاد کے نظریے کو فروغ دینے کے لئے سوشل فورم کے اراکین سے کہا کہ وہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے میٹنگز کریں اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام پہنچائیں ۔ اس موقع پر متحدہ سوشل فورم کے اراکین کے ساتھ لاہور زون اور ڈسٹرکٹ کمیٹی کے ذمہ داران کا تفصیلی تعارف کروایا گیا اور سوشل فورم کے اراکین کو تحریکی ڈھانچے اور تنظیم سازی کے مختلف امور سمیت خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام ملک بھر میں دکھی انسانیت کی خدمت کے لئے کی جانے والی کوششوں کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا گیا۔

## متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن سید بادشاہ خان شہید، ایم کیو ایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کے کارکنان محمد کاشف شہید، محمد جعفر شہید اور دیگر افراد کی مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں شہادت حق پرستی کے نظریئے کو مختلف قومیتوں میں فروغ پانے سے روکنے کی سازش ہے، ارکان قومی اسمبلی

## مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان کے بہیمانہ قتل میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو گرفتار کر کے سخت سزا دی جائے

کراچی ۔۔۔18، جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن سید بادشاہ خان شہید، ایم کیو ایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ یوسی 5 کے کارکنان محمد کاشف شہید اور محمد جعفر شہید کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ شہر کا امن خراب کرنے اور حق پرستی کے نظریئے کو مختلف قومیتوں میں فروغ پانے سے روکنے کیلئے ایم کیو ایم کے مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان کے سفاکانہ قتل کی وارداتیں گھناؤنی سازشوں کا تسلسل ہیں ۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سازشی قوتوں نے ایک مرتبہ پھر رخ بدل کر قتل و غارتگری کا سلسلہ شروع کر کے ایم کیو ایم کے مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان کو جس طرح سے چن چن کر سفاکانہ طریقے سے قتل کیا ہے وہ منظّم منصوبہ بندی کا حصہ ہے تا کہ شہر میں لسانی منافرت اور فسادات کو ہوا دی جاسکے ۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کے باعث مختلف قومیتوں کے مظلوم عوام حق پرستی کے فکر و فلسفہ اور نظریئے پر مکمل اعتماد کر چکے ہیں اور یہ اعتماد مختلف قومیتوں کو آپس میں لڑا کر مذموم عزائم حاصل کرنے سازشی عناصر کی سازشوں میں بڑی رکاوٹ بن گیا ہے اور ان مظلوم قومیتوں کو ایم کیو ایم سے دور کرنے کیلئے متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن سید بادشاہ خان شہید، مقامی صحافی ولی خان بابر، ایم کیو ایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کے کارکنان محمد کاشف، محمد جعفر اور دیگر مظلوموں کو بیدردی سے فائرنگ کر کے شہید کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے ایم کیو ایم کے کارکنان اور مختلف افراد کے بہیمانہ قتل میں ملوث سازشی عناصر ملک اور مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے مظلوم عوام کے کھلے دشمن ہیں ۔ انہوں نے سید بادشاہ خان شہید، محمد کاشف شہید، محمد جعفر شہید، مقامی صحافی ولی خان بابر شہید اور دیگر قومیتوں کے افراد کی شہادتوں پر سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی ۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن سید بادشاہ خان شہید، ایم کیو ایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کے کارکنان محمد کاشف شہید، محمد جعفر شہید، مقامی چینل کے صحافی ولی خان بابر شہید سمیت دیگر قومیتوں کے مظلوم افراد کی شہادتوں میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں گرفتار کر کے سخت سے سخت ترین سزا دی جائے۔

## دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونیوالے ایم کیوایم کے کارکنان جعفر شہید اور محمد کاشف شہید کا سوئم

کراچی۔۔۔18، جنوری 2011ء

نامعلوم مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں شہید ہونیوالے متحدہ قومی موومنٹ رنچھوڑ لائن سیکٹر کے کارکنان جعفر شہید اور محمد کاشف شہید کی فاتحہ سوئم منگل کے روز جناح مسجد رنچھوبرنس روڈ ہوئی جس میں شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی مقیم عالم،شعیب ابراہیم،طاہر قریشی،کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، رنچھوڑ لائن سیکٹر کمیٹی کے ارکان،ذیلی یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان، ہمدردوں اور شہداء کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔واضح رہے کہ جعفر اور محمد کاشف کو رنچھوڑ لائن میں فائرنگ کر کے شہید کر دیا تھا۔

## عوام کی اکثریت نے ایم کیوایم کی جانب سے اسلحہ سے پاک پاکستان بل کی حمایت کا اعلان کر دیا

## ایم کیوایم کی ویب سائٹ پر پول سروے میں اب تک 1268 افراد نے اپنا حق رائے دہی استعمال کیا

## 98 فیصد رائے دہندگان نے اسلحہ سے پاک پاکستان بل 2011ء کی مکمل حمایت کا اعلان

کراچی۔۔۔18، جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے اسلحہ سے پاک پاکستان بل 2011ء قومی اسمبلی میں جمع کرانے کے بعد یہ بل ملک بھر میں موضوع گفتگو بنا ہوا ہے، ملک بھر میں ایم کیوایم کے اس مثبت اقدام کو سراہا جارہا ہے اور اس بل کی مکمل حمایت کی جارہی ہے۔

ایم کیوایم کی ویب سائٹ www.mqm.org پر جاری پول میں لوگوں سے پوچھا گیا ہے کہ کیا وہ اس بل کی حمایت کرتے ہیں؟ جس پر لوگوں کی واضح اکثریت نے اس بل کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔پول سروے کے مطابق گزشتہ روز سے اب تک 1268 افراد نے اپنا حق رائے دہی استعمال کیا جس میں سے 1238 افراد نے ایم کیوایم کی جانب سے اسلحہ سے پاک پاکستان بل 2011ء کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور حق پرست عوامی نمائندوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔ 18، افراد نے اس بل کی مخالفت میں ووٹ ڈالا ہے جبکہ محض 7، افراد نے کہا ہے کہ وہ اس بل کی حمایت یا مخالفت نہیں کرتے۔اس طرح 98 فیصد افراد نے اسلحہ سے پاک پاکستان بل 2011ء کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے۔ایم کیوایم کے سروے پول میں اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے لوگوں نے کہا ہے کہ ایم کیوایم نے اسلحہ سے پاک پاکستان بل 2011ء پیش کر کے مثبت قدم اٹھایا ہے اور اس بل کو پارلیمنٹ سے ضرور منظور ہونا چاہئے۔ان کا کہنا ہے کہ سب سے پہلے ملک بھر میں قائم غیر قانونی اسلحہ ساز فیکٹریوں کا خاتمہ ہونا چاہئے اور اسلحہ کی اسمگلنگ کی روک تھام کی جانی چاہئے۔ایم کیوایم نے بالغ نظری کا مظاہرہ کر کے پاکستان کیلئے ایک مثبت قدم اٹھایا ہے اور ملک بھر کے وام کو اس کی حمایت کرنی چاہئے۔ایم کیوایم کی جانب سے سروے پول کا سلسلہ جاری ہے۔

## ملک میں قائم فرسودہ جاگیردارانہ نظام نے ملک کو تباہی کے سوا کچھ نہیں دیا،حق پرست صوبائی وزیر وارا کین سندھ اسمبلی

## کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت منعقدہ عوامی رابطہ مہم کے اجتماعات سے عبدالحسیب، ہیر سوہو اور بلقیس مختار کا خطاب

کراچی۔۔۔18، جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت عوامی رابطہ مہم کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلے میں گزشتہ روز کراچی بن قاسم سیکٹر کے یونٹ گلشن حدید میں خواتین، مرد اور ابراہیم حیدری سیکٹر کے مختلف یونٹوں بلوچ محلّہ، لاشاری پاڑہ میں علیحدہ علیحدہ اجتماعات منعقد ہوئے۔بن قاسم سیکٹر کے اجتماع میں حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب، حق پرست رکن سندھ اسمبلی اور رکن اندورون سندھ تنظیمی کمیٹی محترمہ ہیر سوہو اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی آنسہ بلقیس مختار نے شرکت کی جبکہ ابراہیم حیدری سیکٹر کے اجتماع میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی علیم الرحمان، ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر اراکین یار محمد کھوسو، احمد رضا نے شرکت کی۔اس موقع پر سندھی، بلوچ، بروہی اور مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والی عوام ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست صوبائی وزیر اور اراکین سندھ اسمبلی نے کہا کہ ایم کیوایم غریب متوسط طبقے کی جماعت ہے جسمیں تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد قائد تحریک جناب الطاف حسین کی زیر قیادت اپنے حقوق

کے حصول کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ 63 سالوں سے ملک میں قائم فرسودہ جاگیردارانہ نظام نے ملک تباہی کے سوا کچھ نہیں دیا لیکن ایم کیوایم واحد جماعت ہے جوعوام کی بلاتفریق رنگ ونسل زبان عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور ملک بھر میں موجود تمام مسالک، مذہب،عقید ہ سے تعلق رکھنے والے افراد کا دل سے احترام کرتی ہے اور انکے مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کرنے کیلئے کوشاں ہیں۔حق پرست وزیرا اور اراکین سندھ اسمبلی نے کہا کہ ایم کیوایم ملک سے جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے غریب ومحکوم عوام کی حکمرانی قائم کرنا چاہتی ہے اور اس کیلئے آپ عوام کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ اور فکر وفلسفے کو عام کرنا ہوگا تاکہ اپنی آنیوالی نسلوں کی بقاء وسلامتی اور انکے بہتر مستقبل کیلئے ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ومنظم ہوکر حق پرستی کی جدوجہد میں اپنا عملی کردار ادا کریں۔بعدازاں عوامی اجتماعات سے ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج واراکین نے بھی خطاب کیا۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18،جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سرجانی سیکٹر یونٹ تیسر ٹاؤن کے کارکن عبدالحفیظ کے چھوٹے بھائی عبدالصفدر،ملتان زون ضلع لودھراں کے کارکن رانا عمران ساگر کے والد راؤ محمد رفیق،شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 105 کے کارکن محمد اسلم کے بھائی سیّد اظہر علی،کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن عابد علی کے والد حسن علی اور ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ 6 کے کارکن محمد کفیل کی والدہ محترمہ چمن آراء بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیت بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆